اسمبلی رپورٹ (مباحثات)

بارہویں اسمبلی / آٹھواں اجلاس (چوتھی نشست)

بلوچستان صوبائی اسمبلی

اجلاس منعقدہ بروز سوموار مورخہ 21/اکتوبر 2024ء بمطابق ۱۷/ربیع الثانی ۱۴۴۶ھ۔

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
1	تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ۔	03
2	تعزیتی قرارداد۔	04

ایوان کے عہدیدار

اسپیکر۔۔کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی

ڈپٹی اسپیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میڈم غزالہ گولہ بیگم

ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب طاہر شاہ کاکڑ

اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)۔۔۔۔جناب عبدالرحمٰن

چیف رپورٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب مقبول احمد شاہوانی

☆☆☆

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس

بروز سوموار مورخہ 21/اکتوبر 2024ء بمطابق ۱۷/ربیع الثانی ۱۴۴۶ھ۔

بوقت سہ پہر 03:35 منٹ پر زیرصدارت کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی، اسپیکر، بلوچستان صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔

جناب اسپیکر: السلام علیکم! کارروائی کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ از حافظ محمد شعیب آخوندزادہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اِنَّ الَّذِیۡنَ قَالُوۡا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسۡتَقَامُوۡا تَتَنَزَّلُ عَلَیۡہِمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ اَلَّا تَخَافُوۡا وَلَا تَحۡزَنُوۡا
وَاَبۡشِرُوۡا بِالۡجَنَّۃِ الَّتِیۡ کُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۳۰﴾ نَحۡنُ اَوۡلِیٰٓؤُکُمۡ فِی الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا
وَفِی الۡاٰخِرَۃِ ج وَلَکُمۡ فِیۡہَا مَا تَشۡتَہِیۡۤ اَنۡفُسُکُمۡ وَلَکُمۡ فِیۡہَا مَا تَدَّعُوۡنَ ﴿۳۱﴾ط
نُزُلًا مِّنۡ غَفُوۡرٍ رَّحِیۡمٍ ﴿۳۲﴾ع

﴿پارہ نمبر ۲۴ سُوۡرَۃُ حٰمٓ السجدۃ آیات نمبر ۳۰ تا ۳۲﴾

ترجمہ: تحقیق جنہوں نے کہا رَبّ ہمارا اللہ ہے پھر اُسی پر قائم رہے اُن پر اُترتے ہیں فرشتے کہ تُم مَت ڈرو اور نہ غَم کھاؤ اور خوش خبری سُنو اُس بہشت کی جس کا تُم سے وعدہ تھا۔ ہم ہیں تمہارے رفیق دُنیا میں اور آخرت میں اور تمہارے لیئے وہاں ہے جو چاہے جی تمہارا اور تمہارے لیئے وہاں ہے جو کچھ مانگو۔ مہمانی ہے اُس بخشنے والے مہربان کی طرف سے۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡم۔

جناب اسپیکر: جَزَاکَ اللّٰہ۔ اَلسَّلامُ عَلَیکُم وَ رَحمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ۔ چونکہ ہمارے ایک معزز رکن اسمبلی جناب پیٹرک مسیح صاحب جو کہ مورخہ 17 اکتوبر 2024ء کو طویل علالت کے بعد کراچی کے ایک نجی ہسپتال میں انتقال فرما گئے تھے۔ حسبِ روایت اُن کی صوبے کے لیے گراں قدر خدمات کے اعتراف میں آج کی نشست میں صرف اُن کے لیے ایک منٹ کی خاموشی اور تعزیتی قرارداد پیش کی جائے گی۔ اور آج کی نشست کی اسمبلی کی تمام کارروائی اگلی نشست کے لیے ڈیفر کی جائے گی۔ لہٰذا تمام معزز اراکین اسمبلی سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں۔ اور آنجہانی پیٹرک سنٹ مسیح کو خراج عقیدت پیش کرنے کی بابت ایک منٹ کے لیے خاموش کھڑے رہیں۔

(اس مرحلہ میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی)

جناب اسپیکر: تشریف رکھیں پلیز۔ جناب سلیم احمد کھوسہ صاحب' صوبائی وزیر و پارلیمانی لیڈر پاکستان مسلم لیگ (ن) آج کی اسمبلی کارروائی کو ڈیفر کرنے کے لیے تحریک پیش کریں۔

میر سلیم احمد کھوسہ (وزیر مواصلات، ورکس، فزیکل پلاننگ اور ہاؤسنگ): میں سلیم احمد کھوسہ صوبائی وزیر و پارلیمانی لیڈر پاکستان مسلم لیگ (ن) قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 180 کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ آنجہانی پیٹرک سنٹ مسیح کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کی بابت آج کی اسمبلی کی تمام کارروائی کو اسمبلی کی اگلی نشست کے لیے مؤخر کیا جائے۔

جناب اسپیکر: تحریک پیش ہوئی۔ آیا تحریک منظور کی جائے؟ تحریک منظور ہوئی۔ لہٰذا آج کی اسمبلی کارروائی بروز بدھ مورخہ 23 اکتوبر 2024ء کے لیے ڈیفر کی جاتی ہے۔

جناب اسپیکر: جناب سلیم احمد کھوسہ صاحب صوبائی وزیر و پارلیمانی لیڈر پی ایم ایل (ن) تعزیتی قرارداد پیش کرنے کی بابت تحریک پیش کریں۔

وزیر مواصلات، ورکس، فزیکل پلاننگ اور ہاؤسنگ: میں سلیم احمد کھوسہ وزیر پارلیمانی لیڈر پاکستان مسلم لیگ (ن) قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 180 کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ آنجہانی پیٹرک سنٹ مسیح کو خراج عقیدت پیش کرنے کی بابت تعزیتی قرارداد پیش کرنے کے لیے قاعدہ نمبر (2)103 کے لوازمات کو exempt قرار دیا جائے۔

جناب اسپیکر: تحریک پیش ہوئی۔ آیا تحریک منظور کی جائے؟ تحریک منظور ہوئی۔

جناب اسپیکر: تعزیتی قرارداد۔

لہٰذا جناب سلیم احمد کھوسہ صاحب صوبائی وزیر پارلیمانی لیڈر پاکستان مسلم لیگ (ن) تعزیتی قرارداد پیش کریں۔

وزیر مواصلات، ورکس، فزیکل پلاننگ اور ہاؤسنگ: میں سلیم احمد کھوسہ صوبائی وزیر و پارلیمانی لیڈر پاکستان مسلم لیگ (ن) ہرگاہ کہ یہ ایوانِ بلوچستان صوبائی اسمبلی کے رکن جناب پیٹرک سنٹ مسیح جو کہ مورخہ 17 اکتوبر 2024ء کو طویل علالت کے بعد کراچی کے ایک نجی ہسپتال میں انتقال فرما گئے تھے، جن پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتا ہوں۔ یہ کہ جناب پیٹرک سنٹ مسیح عام انتخابات 2024ء میں اقلیتوں کے مخصوص کوٹے پر رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے۔ یہ کہ آنجہانی پیٹرک سنٹ مسیح شریف النفس مخلص سیاسی وسماجی رہنما تھے۔ جنہوں نے پوری زندگی معاشرتی وسماجی ترقی اور اقلیتوں کی بہبود کے حقوق کے حصول کی بابت مثبت کردار ادا کیا۔ آنجہانی کی عوامی خدمات اور اقلیتوں کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ یہ ایوان اِن کی اقلیتوں کے لیے گراں قدر خدمات پر اِنھیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔ غم کی اِس گھڑی میں بلوچستان اسمبلی کا یہ ایوان پسماندگان کے دکھ میں برابر کا شریک ہے۔

جناب اسپیکر: تعزیتی قرارداد پیش ہوئی۔ آیا تعزیتی قرارداد منظور کی جائے؟ تعزیتی قرارداد منظور ہوئی۔

جناب اسپیکر: اب اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 23 اکتوبر 2024ء بوقت سہ پہر 3:00 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اسمبلی کا اجلاس 03 بجکر 43 منٹ پر اختتام پذیر ہوا)

☆☆☆